An Roinn Dlí agus Cirt,
Gnóthaí Baile agus Imirce
Department of Justice,
Home Affairs and Migration

آئرلینڈ

# آپ کو پناہ اور ہجرت کے انتظام کے ضابطے کے متعلق کیا جاننا ضروری ہے

قسم A

## بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار




URDU

# مشمولات


| | |
|---|---|
| آپ کو یہ کتابچہ کیوں مل رہا ہے؟ | 3 |
| بین الاقوامی تحفظ کیا ہوتا ہے اور یہ کس کو مل سکتا ہے؟ | 3 |
| پناہ اور ہجرت کے انتظام کا ضابطہ کیا ہے؟ | 4 |
| منتقلی کیا ہے؟ | 5 |
| آپ کی درخواست پر جو +EU ملک کام کرے گا، اس کے فیصلے کا انتظار کرنے کے دوران آپ کے حقوق | 6 |
| جب تک آپ اپنی درخواست پر کام کرنے والے +EU ملک کے فیصلے کے منتظر ہیں، آپ کو کہاں رہنا چاہیے؟ | 8 |
| اس پراسیس کے دوران آپ سے کیا توقع رکھی جاتی ہے؟ | 8 |
| آپ کو کونسی دستاویزات دکھانے ہوں گے؟ | 9 |
| آپ کو اپنی انگلیوں کے نشانات دینے اور تصویر کھنچوانے کی ضرورت کیوں ہے؟ | |
| اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کریں گے تو کیا ہوگا؟ | - |
| تحویل کا کیا مطلب ہے؟ | - |
| حکام آپ کی درخواست پر کام کرنے والے +EU ملک کا فیصلہ کس طرح کرتے ہیں؟ | - |
| یہ سمجھنے کے لئے کہ کونسا +EU ملک آپ کی درخواست پر کام کرے گا، ہوسکتا ہے کہ آپ انٹرویو لیا جائے | - |
| کیا ہمیشہ ہی انٹرویو لیا جاتا ہے؟ | - |
| یہ ثابت کرنے کے لئے کہ آپ کا خاندان کسی دوسرے +EU ملک میں مقیم ہے، آپ کیا ثبوت فراہم کر سکتے ہیں؟ | - |
| اس پراسیس میں کتنا عرصہ لگے گا؟ | - |
| اگر آپ نے پہلے کسی +EU ملک میں بین الاقوامی تحفظ کے لئے اپلائی کیا ہو، تو کیا ہوگا؟ | - |
| فیصلہ لیے جانے کے بعد کیا ہوگا؟ | - |
| آپ کو اپیل کے پراسیس (جب التوا کا اثر اور ٹھوس بنیادوں پر اپیل ایک ساتھ ہوں) کے متعلق کیا جاننے کی ضرورت ہے | - |
| آپ کو اپیل کے پراسیس (جب التوا کا اثر اور ٹھوس بنیادوں پر اپیل علیحدہ ہوں) کے متعلق کیا جاننے کی ضرورت ہے | - |
| کونسا ذاتی ڈیٹا حاصل کیا جائے گا؟ | - |
| آپ کے ذاتی ڈیٹا کے حوالے سے آپ کو کیا حقوق حاصل ہیں؟ | - |

## آپ کو یہ کتابچہ کیوں مل رہا ہے؟

آپ نے 31 +EU ممالک میں کسی ایک میں بین الاقوامی تحفظ (جسے پناہ بھی کہا جاتا ہے) کی درخواست کی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ اب بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ داری کسی اور +EU ملک کی ہو۔ اب آپ اس فیصلے کے متنظر ہیں۔

اس بات کو سمجھنا بہت ضروری ہے کہ +EU ممالک ایک دوسرے کے ساتھ کس طرح تعاون کرتے ہیں، کیونکہ یہ آپ کی درخواست پر کام کرنے والے ملک کے فیصلے کو متاثر کرے گا۔

آپ کو اس کتابچے میں تمام ضروری معلومات مل جائے گی۔

## بین الاقوامی تحفظ کیا ہوتا ہے اور یہ کس کو مل سکتا ہے؟



آپ کو بین الاقوامی تحفظ کی ضرورت اس صورت میں پڑ سکتی ہے اگر آپ اس وجہ سے اپنے ملک واپس نہیں جا سکتے کیونکہ آپ کو ظلم و ستم کا ڈر ہو یا شدید نقصان کا حقیقی خطرہ ہو۔ اس کا مطلب ہے کہ، مثال کے طور پر، آپ کی زندگی یا آزادی خطرے میں ہوگی اور آپ کے ملک کے حکام آپ کو پیش ہونے والے خطرے سے محفوظ نہیں رکھیں گے۔

آپ کو بین الاقوامی تحفظ کے متعلق معلومات ایک علیحدہ کتابچے میں ملے گی۔

**اب آپ آئرلینڈمیں ہیں، جو ایک +EU ملک ہے۔**
**+EU کے ممالک ہیں:**



یورپی یونین ( EU) کے 27 رکن ممالک: آسٹریا، بیلجیئم، بلغاریہ، کروشیا، قبرص، چیکیا، ڈنمارک، ایسٹونیا، فن لینڈ، فرانس، جرمنی، یونان، ہنگری، آئرلینڈ، اٹلی، لٹویا، لتھوانیا، لکسمبرگ، مالٹا، نیدرلینڈ، پولینڈ، پولینڈ، پولینڈ، پولینڈ، پولینڈ سلووینیا، اسپین، سویڈن اور



4 دیگر ممالک: آئس لینڈ، سوئٹزرلینڈ، لیچٹنسٹائن، ناروے۔

## پناہ اور ہجرت کے انتظام کا ضابطہ کیا ہے؟

+EU ممالک نے ایک مشترکہ قانون پر اتفاق کیا ہے، جسے پناہ اور ہجرت کے انتظام کا ضابطہ (AMMR) کہا جاتا ہے۔ یہ قانون اس بات کا فیصلہ کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے، کہ بین الاقوامی تحفظ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ داری کس ملک کی ہے۔ اس کے علاوہ، اس قانون کی بدولت، +EU ممالک اس صورت میں ایک دوسرے کی مدد کر سکتے ہیں اگر کسی ملک میں ایک ہی وقت بہت زیادہ درخواستیں آئیں۔




آپ کو اس بات کی ضمانت دی جاتی ہے کہ کوئی ایک +EU ملک آپ کی درخواست پر کام کرے گا، لیکن آپ خود سے اس +EU ملک کا انتخاب نہیں کر سکتے۔ آپ کی درخواست پر کام کرنے والے ملک کا فیصلہ AMMR قانون کے مطابق کیا جائے گا۔



اگر اس کتابچے میں ایسی کوئی چیز موجود ہو جو آپ کو سمجھ نہ آئے تو ایک آپ کسی امیگریشن کے افسر سے وضاحت حاصل کر سکتے ہیں۔

اس وقت +EU ممالک صرف یہی فیصلہ کر رہے ہیں کہ آپ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ داری ان میں سے کس ملک کی ہے۔

اگر یہ فیصلہ کیا جائے کہ کوئی دوسرا +EU ملک آپ کی درخواست پر کام کرنے کا ذمہ دار ہے، تو آپ کو اس ملک منتقل کیا جائے گا۔

# منتقلی کیا ہے؟

یورپی ممالک کئی مختلف طریقوں سے ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں، اور اس کا ایک طریقہ یہ ہے کہ وہ مندرجہ ذیل کی ذمہ داری اٹھائیں:



- اس وقت کسی دوسرے یورپی ملک میں مقیم درخواست گزار
- وہ افراد جنہیں حال ہی میں کسی دوسرے یورپی ملک میں بین الاقوامی تحفظ دیا گیا ہو۔

اسے منتقلی کہا جاتا ہے۔

اگر آپ کی منتقلی پر غور کیا جا رہا ہو، تو آپ کو ایک کتابچہ ملے گا جس میں اس پراسیس کے متعلق مزید معلومات ہوں گی۔ اس میں منتقلی میں شرکت کرنے والے یورپی ممالک کے متعلق بھی معلومات شامل ہوگی، جس کا عنوان ہوگا '**آپ کو منتقلی کے متعلق کیا جاننے کی ضرورت ہے**'۔

**اہم!** اگر آپ کی منتقلی کا انتخاب کیا جائے، تو آپ اس ملک کا انتخاب نہیں کر سکتے جہاں آپ کو منتقل کیا جائے گا۔

## آپ کی درخواست پر جو +EU کا ملک کام کرے گا، اس کے فیصلے کا انتظار کرنے کے دوران آپ کے حقوق



اگر آپ پہلی دفعہ بین الاقوامی تحفظ کے لئے اپلائی کر رہے ہیں، تو آپ کو **قانونی مشاورت** کا حق حاصل ہے۔ آپ حکام سے کسی بھی وقت اس کی درخواست کر سکتے ہیں۔

قانونی مشیر آپ کو اس پراسیس کے دوران آپ کے حقوق کے متعلق مطلع کریں گے اور معاونت فراہم کریں گے۔ اگر آپ نے قانونی مشیر کے لئے پہلے سے ہی رقم ادا کی ہو، تو ہو سکتا ہے کہ حکام آپ کو مفت قانونی مشاورت نہ فراہم کریں۔ ہو سکتا ہے کہ قانونی مشاورت ایک گروپ سیٹنگ میں فراہم کی جائے، لیکن مشیر آپ کی ذاتی معلومات دوسرے لوگوں کو نہیں بتائیں گے۔ آپ لیگل ایڈ بورڈ سٹی ویسٹ کونسلنگ سروس کے سٹی ویسٹ کنونشن سینٹر میں معلومات اور قانونی مشاورت کی درخواست کر سکتے ہیں۔



اگر اس سے آپ کے لئے اپنے حالات کے بارے میں بات کرنا آسان ہو، تو آپ مرد یا عورت مترجم اور کیس افسر کی درخواست کر سکتے ہیں۔ جہاں ممکن ہے، حکام آپ کی خواہشات کا احترام کریں گے۔



آپ اپنی درخواست پر کام کرنے کے ذمہ دار +EU ملک کے تعین کے حوالے سے اپ ڈیٹ کی درخواست کرنے کا بھی حق رکھتے ہیں۔ اگر آپ اپ ڈیٹ کی درخواست کرنا چاہتے ہیں، تو آپ اس طریقے سے حکام سے رابطہ کر سکتے ہیں **contact@ipo.gov.ie پر ای میل بھیج کر۔**





آپ پناہ کے پراسیس کے دوران کسی بھی وقت اقوام متحدہ کی ایجنسی برائے پناہ گزین (UNHCR) سے رابطہ کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

UNHCR پناہ تلاش کرنے والوں اور پناہ گزین کے مفادات اور حقوق کا تحفظ کرتے ہیں۔

UNHCR کی رابطے کی تفصیلات اور پناہ کے پراسیس کے متعلق معلومات UNHCR کے ویب پیج https://help.unhcr.org/ پر موجود ہیں۔

**آپ کو ایک علیحدہ کتابچے میں استقبال کی معاونت اور ملنے والی سہولیات کے متعلق مزید معلومات ملے گی۔**

## جب تک آپ اپنی درخواست پر کام کرنے والے +EU ملک کے فیصلے کے منتظر ہیں، آپ کو کہاں رہنا چاہیے؟



- آپ کو فی الحال اس ملک میں رہنے کی ضرورت ہے۔
- آپ صرف اسی صورت میں کسی دوسرے +EU ملک جا سکیں گے اگر حکام آپ کو ایسا کرنے کی اجازت دیں۔
- اگر حکام فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ کے درخواست پر کوئی دوسرا +EU ملک کام کرے گا، تو حکام اس ملک میں آپ کے سفر کا انتظام کریں گے۔

## اس پراسیس کے دوران آپ سے کیا توقع رکھی جاتی ہے؟

آپ کو مندرجہ ذیل کرنا ہوگا:

- آپ کو اپنی درخواست رجسٹر ہونے تک اس ملک میں رہنا ہوگا۔
- اگر آپ کو ماضی میں کوئی ویزا یا رہائشی پرمٹ جاری کیا گیا تھا، تو وہاں پہنچنے پر اسی ملک میں پناہ کے لئے اپلائی کریں جس نے یہ ویزا یا رہائشی پرمٹ جاری کیا تھا۔
- اپنی شناخت کے ثبوت کے طور پر تمام شناختی دستاویزات پیش کریں۔
اگر آپ کے پاس ماضی میں کوئی شناختی دستاویز تھی، لیکن اب آپ کے پاس یہ دستاویز موجود نہیں ہے، تو آپ کو حکام کو بتانا ہوگا کہ ماضی میں آپ کے ملک کی حکومت نے آپ کو ایک شناختی دستاویزات فراہم کیا تھا۔
- اگر آپ کسی +EU ملک گئے تھے تو حکام کو بتائیں۔
- اگر آپ بغیر اجازت کسی +EU ملک میں رہے تھے، تو حکام کو بتائیں۔
- اگر کسی دوسرے +EU ملک میں آپ کا کوئی قریبی رشتہ دار ہو تو حکام کو بتائیں۔

**اہم!** قانون کے مطابق آپ کے لئے اپنی انگلیوں کے نشانات دینا اور اپنی تصویر کھنچوانا ضروری ہیں۔

## آپ کو کونسی دستاویزات دکھانی ہوں گی؟

حکام کو مندرجہ ذیل کے متعلق اپنے پاس موجود تمام دستاویزات فراہم کریں:




- آپ کی شناخت (پیدائشی سرٹیفیکٹ، پاسپورٹ، شناختی کارڈ)




- EU+ ممالک میں قریبی رشتہ دار (سرکاری دستاویزات، رابطے کا ثبوت)




- EU+ ممالک میں ماضی میں قیام (کسی رہائشی پرمٹ یا ویزا کی بنیاد پر، یا اسکول یا یونیورسٹی کا ڈپلوما حاصل کرنے کے لئے)۔

یہ معلومات جلد از جلد فراہم کریں۔ اس طرح آپ کی درخواست پر کام کرنے کے ذمہ دار EU+ کی زیادہ جلدی نشاندہی ہو سکے گی۔

## آپ کو اپنی انگلیوں کے نشانات دینے اور تصویر کھنچوانے کی ضرورت کیوں ہے؟



اس ملک کے حکام آپ کی انگلیوں کے نشانات لیں گے اور آپ کی تصویر کھینچیں گے۔

اس ڈیٹا کو آپ کی شناخت اور دیگر متعلقہ معلومات کے ساتھ ایک مشترکہ یورپی ڈیٹا بیس بھیجا جائے گا، جسے Eurodac کہا جاتا ہے۔



تمام 31 +EU ممالک اس ڈیٹا بیس کا استعمال کرتے ہیں اور آپ کے ڈیٹا کو پراسیس کر کے آپ کی معلومات بازیاب کرتے ہیں۔ اگر آپ بغیر اجازت کسی +EU ملک جاتے ہیں اور دوبارہ آپ کی انگلیوں کے نشانات لیے جاتے ہیں، تو اس ملک کے حکام Eurodac میں ذخیرہ کردہ آپ کا تمام ڈیٹا دیکھ سکیں گے۔

Eurodac ڈیٹا بیس کے متعلق مزید معلومات ایک علیحدہ کتابچے میں فراہم کی گئی ہیں۔


## اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کریں گے تو کیا ہوگا؟



اگر آپ حکام کے ساتھ تعاون نہیں کرتے، تو آپ کی درخواست کے لئے منفی نتائج سامنے آئیں گے۔

اگر آپ اپنی انگلیوں کے نشانات نہیں دیں گے، تو حکام یہ سمجھ سکتے ہیں کہ آپ یورپ میں پناہ حاصل کرنے میں مزید دلچسپی نہیں رکھتے۔ وہ آپ کی درخواست پر کام کرنا روک دیں گے، جس کا مطلب ہے کہ آپ کو اس ملک میں رہنے کا حق مزید حاصل نہیں ہوگا۔

اگر آپ بغیر اجازت کسی +EU ملک جاتے ہیں یا کسی دوسرے +EU ملک میں بین الاقوامی تحفظ کے لئے اپلائی کرتے ہیں تو اس بات کا امکان موجود ہے کہ آپ کو آپ کی درخواست پر کام کرنے کے ذمہ دار +EU ملک واپس بھیج دیا جائے۔




آپ کو جس +EU ملک میں ہونے کی ضرورت ہے، اگر آپ اس کے بجائے کسی دوسرے +EU ملک میں موجود ہیں تو ہو سکتا ہے کہ آپ کی آزادی پر پابندی عائد ہوجائے اور آپ کو ملنے والی معاونت میں کمی ہو جائے۔

## تحویل کا کیا مطلب ہے؟

تحویل میں لینے کا مطلب ہے کہ آپ کو ایک مخصوص جگہ پر رکھا گیا ہے اور آپ بلا رکاوٹ یہاں سے نہیں نکل سکتے۔ آپ کو تحویل میں لینے کے لئے حکام کے پاس ٹھوس وجہ ہونی چاہیے۔ انہیں یقین ہونا چاہیے کہ کوئی دوسرا راستہ موجود نہیں ہے۔ حکام فیصلہ کرنے سے پہلے آپ کے ذاتی حالات کا جائزہ لیں گے۔ تحویل کی وجوہات، مثال کے طور پر، یہ ہو سکتی ہیں:



- تحویل کے بغیر آپ کی پناہ کی درخواست کے کچھ اہم حصوں (جیسے کہ آپ کی شناخت) کی تصدیق نہیں کی جا سکتی
- آپ نے ایک مخصوص جگہ پر رہنے کی ضرورت کا احترام نہیں کیا، یا اس بات کا خطرہ موجود ہے کہ آپ دوبارہ بھاگ جائیں گے اور حکام آپ سے رابطہ نہیں کر پائیں گے
- آپ کو آپ کی پناہ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ دار +EU ملک لے جانے کا فیصلہ مل گیا ہے، اور وہاں جانے سے پہلے آپ کے بھاگنے کا خطرہ موجود ہے
- آپ کی وجہ سے سلامتی کو خطرہ ہے۔

اگر آپ کو تحویل میں لیا جائے تو آپ فیصلے کو اپیل کر سکتے ہیں اور مفت قانونی معاونت اور نمائندگی کی درخواست کر سکتے ہیں۔

**اہم !** اگر آپ بغیر اجازت کسی دوسرے +EU ملک جاتے ہیں، تو اس سے مستقبل میں آپ کے تحویل میں لیے جانے کا خطرہ بڑھ جائے گا۔

## حکام آپ کی درخواست پر کام کرنے والے +EU ملک کا فیصلہ کس طرح کرتے ہیں؟

اگر یہ کسی +EU ملک میں آپ کی پناہ کی پہلی درخواست ہے، تو آپ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ داری کسی مخصوص +EU ملک کے پاس ہونے کی کئی وجوہات ہیں۔

### 1) خاندانی تعلقات



سب سے پہلی اور سب سے اہم وجہ یہ ہے کہ آپ کے کسی قریبی رشتہ دار کو پہلے ہی کسی دوسرے +EU ملک میں بین الاقوامی تحفظ مل چکا ہے، یا وہ کسی دوسرے +EU ملک میں بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کر رہے ہیں، اور آپ کا اپنی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست پر کام شروع ہونے سے پہلے ان کے ساتھ ملاپ ہونا چاہیے۔

مندرجہ ذیل کو قریبی رشتہ دار مانا جاتا ہے:

- آپ کے شوہر یا آپ کی اہلیہ
- آپ کے غیر شادی شدہ شریک حیات جن کے ساتھ آپ کا مستحکم رشتہ ہے
- آپ کے بچے (18 سال سے کم اور غیرشادی شدہ)۔

**اہم!** آپ کو جلد از جلد ثابت کرنا ہوگا کہ +EU ممالک کے علاقے میں داخل ہونے سے پہلے آپ کا اس شخص کے ساتھ کوئی رشتہ تھا۔ اس دورانیے میں آپ کے آبائی ملک سے سفر شامل ہو سکتا ہے۔

اگر آپ کا کوئی رشتہ دار کسی دوسرے +EU ملک میں مقیم ہے، تو معلومات فراہم کرنے کا بہترین طریقہ '**خاندان کے سراغ کا ٹیمپلیٹ**' مکمل کرنا ہے۔ اگر آپ کے خاندان کا کوئی فرد کسی دوسرے +EU ملک میں مقیم ہے، اور آپ کو اب تک یہ فارم نہیں ملا، تو کسی افسر یا اپنے قانونی مشیر سے بات کریں۔ وہ فارم پر کرنے کے سلسلے میں بھی آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

رشتہ داروں کے ساتھ ملاپ کے بارے میں مزید تفصیلی معلومات '**یہ ثابت کرنے کے لئے کہ آپ کا خاندان کسی دوسرے +EU ملک میں مقیم ہے، آپ کیا ثبوت فراہم کر سکتے ہیں؟**' نامی سیکشن میں موجود ہیں۔

## 2) کسی مخصوص +EU ملک میں داخل ہونے کی اجازت

آپ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ داری کسی +EU ملک کی اس صورت میں ہو سکتی ہے، اگر:




- آپ کے پاس کسی مخصوص +EU کا ویزا یا رہائشی پرمٹ ہے
- آپ کسی ایسے +EU ملک میں داخل ہوئے تھے جہاں آپ کے آبائی ملک کے ساتھ معاہدے کی وجہ سے آپ کو ویزا کی ضرورت نہیں تھی۔

## 3) تعلیمی سند یا ڈپلوما



- آپ کو کم از کم ایک تعلیمی سال کے لئے کسی +EU ملک میں کسی تعلیمی ادارے میں بذات خود حاضری کے بعد کوئی سند یا ڈپلوما دیا گیا تھا۔

## 4) کسی مخصوص +EU ملک میں بے ضابطہ داخلہ

آپ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ داری کسی دوسرے +EU ملک کی اس صورت میں ہو سکتی ہے، اگر:



- آپ نے بغیر اجازت کسی +EU ملک کی سرحد پار کی تھی



- آپ کو یورپ آتے ہوئے کسی +EU ملک کے حکام نے سمندر میں بچایا تھا



- آپ نے کسی +EU ملک کے ہوائی اڈے کے ٹرانزٹ کے حصے میں بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کی تھی۔

## 5) کسی دیکھ بھال فراہم کرنے والے اور زیرکفالت رشتہ دار کا ملاپ

آپ کسی دوسرے +EU ملک میں مقیم رشتہ دار کی دیکھ بھال پر انحصار کرتے ہیں، یا کسی +EU ملک میں آپ کا کوئی رشتہ دار ہے جو آپ کی دیکھ بھال پر انحصار کرتا ہے۔



زیرکفالت رشتہ دار کو مندرجہ ذیل وجوہات کی بنا پر مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے:

- حمل
- نوزائیدہ بچہ ہونا
- شدید ذہنی یا جسمانی بیماری
- شدید معذوری
- شدید نفسیاتی صدمہ
- ضعیف العمری۔

کفالت کی ضرورت کی صورت میں، آپ کو یہ ثابت کرنا ہوگا کہ آپ اس زیرکفالت شخص کی دیکھ بھال کر سکتے ہیں یا آپ کا رشتہ دار آپ کی دیکھ بھال کر سکتا ہے۔

## 6) انسان دوستی سے وابستہ وجوہات

کوئی مخصوص +EU ملک انسان دوستی سے وابستہ وجوہات کی بنا پر آپ کی درخواست پر کام کر سکتا ہے۔ یہ مندرجہ ذیل وجوہات کی بنیاد پر ہو سکتا ہے:

- خاندان سے وابستہ وجوہات
- سماجی وجوہات
- ثقافت سے وابستہ وجوہات۔

کسی دوسرے +EU ملک کو ان وجوہات کی بنا پر آپ کی درخواست پر کام کرنے کی درخواست کی جا سکتی ہے، لیکن حتمی فیصلہ اس ملک کے حکام کے ہاتھ میں ہے۔

## یہ سمجھنے کے لئے کہ کونسا +EU ملک آپ کی درخواست پر کام کرے گا، ہوسکتا ہے کہ آپ کا انٹرویو لیا جائے

اگر آپ پہلی دفعہ پناہ کے لئے اپلائی کر رہے ہیں، حکام کو ذاتی انٹرویو کا انتظام کرنا چاہیے۔

**اہم!** یہ پناہ کا انٹرویو نہیں ہوگا۔ اس انٹرویو کا مقصد اس بات کا تعین کرنا ہے کہ کس +EU کے ملک کو آپ کی درخواست پر کام کرنا چاہیے۔

**اس انٹرویو کے بنیادی طور پر چار اہم مقاصد ہیں:**

- معلومات حاصل کرنے کے لئے، جن کی بنیاد پر حکام ذمہ دار +EU ملک کا فیصلہ کریں گے
- آپ کو ذمہ دار +EU ملک کے فیصلے کے پراسیس کے متعلق سوالات پوچھنے کا موقع دینے کے لئے
- آپ کو اس کتابچے میں موجود معلومات کے متعلق سوالات پوچھنے کا موقع دینے کے لئے
- آپ سے کسی دوسرے +EU ملک میں منتقل نہ ہونے یا اس ملک میں رہنے کی وجہ یا وجوہات معلوم کرنے کے لئے۔

یہ انٹرویو ایک ایسی زبان میں ہوگا جسے آپ اچھے سے سمجھتے ہ



آپ کی فراہم کردہ معلومات آپ کے ملک کے حکام یا حکومت کو نہیں فراہم کی جائیں گی۔

اگر آپ کو انٹرویو کے دوران کوئی چیز سمجھ نہ آئے، تو آپ سوالات پوچھ سکتے ہیں۔ آپ اور افسر دونوں ہی کے لئے بہت ضروری ہے کہ آپ کو سب کچھ سمجھ آئے، اس لئے سوالات کا ہمیشہ خیر مقدم کیا جاتا ہے۔

انٹرویو کے آڈیو کو ریکارڈ کیا جائے گا اور آپ کو کہی ہوئی باتوں کا تحریری خلاصہ دکھایا جائے گا۔

اگر ذاتی انٹرویو کا تحریری خلاصہ ملنے کے بعد، آپ کو لگتا ہے کہ کوئی معلومات درست نہیں ہیں، اور آپ اس میں ترمیم کرنا چاہتے ہیں، تو آپ ایسا کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

*، آپ کو کسی بھی غلطی کو درست کرنے اور اس کے درست ہونے کی تصدیق کرنے کا موقع ملے گا۔ .*



اگر ضروری ہو تو آپ انٹرویو کے بعد بھی اضافی دستاویزات فراہم کر سکتے ہیں یا کسی دوسرے +EU ملک منتقل نہ ہونے کی وجوہات بتا سکتے ہیں۔

اگر آپ کے پاس ابھی بھی کوئی ایسی دستاویزات یا معلومات ہوں جنہیں آپ نے جمع نہ کروایا ہو، تو آپ کو انہیں حکام کو فراہم کرنا ہوگا۔

آپ انہیں انٹرنیشنل پروٹیکشن پورٹل پر اپنے الیکٹرانک اکاؤنٹ کے ذریعے یا contact@ipo.gov.ie پر ای میل کے ذریعے جمع کروا سکتے ہیں۔

## کیا ہمیشہ ہی انٹرویو لیا جاتا ہے؟

اگر آپ پہلی دفعہ پناہ کے لئے اپلائی کر رہے ہیں، تو حکام اس صورت میں ذاتی انٹرویو نہ لینے کا فیصلہ کر سکتے ہیں، اگر:

- آپ کی درخواست پر کام کرنے کا ذمہ دار +EU ملک پہلے سے معلوم ہو
- ان کے پاس آپ کی درخواست پر کام کرنے کے ذمہ دار +EU ملک کا فیصلہ کرنے کے لئے کافی معلومات ہیں
- آپ ماضی میں حکام کو وجہ بتائے بغیر کسی انٹرویو پر نہ گئے ہوں
- آپ نے حکام کے ساتھ رابطہ نہیں رکھا۔

اگر انٹرویو کا انتظام نہ کیا گیا ہو، تو آپ اس کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر افسران کے خیال میں ان کے پاس آپ کے کیس پر کام کرنے کے لئے، کافی معلومات موجود ہوں، تو وہ اس درخواست کو مسترد کر سکتے ہیں، لیکن انہیں انٹرویو نہ لینے کی وجہ بتانے کی ضرورت ہے۔

## یہ ثابت کرنے کے لئے کہ آپ کا خاندان کسی دوسرے +EU ملک میں مقیم ہے، آپ کیا ثبوت فراہم کر سکتے ہیں؟

اپنے رشتہ دار کے متعلق معلومات فراہم کرنے کا بہترین طریقہ **'خاندانی سراغ کا ٹیمپلیٹ'** نامی فارم پر کرنا ہے۔

اس کے علاوہ، اپنے رشتے کو ثابت کرنے کے لئے کوئی بھی سرکاری حکومتی دستاویزات فراہم کریں۔ آپ دوسرے قسم کا ثبوت بھی فراہم کر سکتے ہیں، مثال کے طور پر، اپنے گھر والوں سے رابطے میں رہنے کا ثبوت، جیسے کہ تصویریں، ای میلز، یا ٹیکسٹ پیغامات۔



اگر آپ کے پاس اپنے رشتے کے متعلق کوئی ثبوت نہ ہو، تو ہو سکتا ہے کہ حکام آپ سے اس رشتے کو ثابت کرنے کے لئے ڈی این اے کی درخواست کریں۔

صرف اسی صورت میں آپ کا اور آپ کے خاندان کے فرد کا ملاپ ممکن ہوگا اگر آپ دونوں تحریری شکل میں بتائیں کہ آپ ملاپ چاہتے ہیں۔ اگر ممکن ہو تو آپ کو یہ دستاویز انگریزی زبان میں فراہم کرنا چاہیے۔

یہ معلومات جلد از جلد تیار کرنا شروع کریں۔



اگر آپ مزید کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں یا اگر آپ کو خاندان کے ملاپ کے پراسیس کے بارے میں مشورے کی ضرورت ہو تو آپ قانونی مشیر سے مدد کی درخواست کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے خاندان کا کوئی فرد کسی دوسرے +EU ملک میں مقیم ہو، لیکن آپ کا ان سے کوئی رابطہ نہیں ہے، تو ایسے ادارے موجود ہیں جو آپ کو انہیں تلاش کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

آپ مندرجہ ذیل طریقوں سے رابطہ کر سکتے ہیں: آئرش ریڈ کراس بین الاقوامی تحفظ کے درخواست دہندگان کے لیے بہت سے تعاون فراہم کرتا ہے۔ فیملی کا سراغ لگانے کے بارے میں معلومات کے لیے لاپتہ خاندان تلاش کریں - آئرش ریڈ کراس دیکھیں۔

## اس پراسیس میں کتنا عرصہ لگے گا؟



ممالک کے درمیان رابطے میں عام طور پر **ڈیڑھ مہینے** سے **3 مہینے** کا وقت لگتا ہے لیکن آپ کے کیس کے لحاظ سے **اس میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے** ۔



اگر کوئی دوسرا +EU ملک اس بات کی تصدیق کرے کہ وہ آپ کی درخواست پر کام کرے گا، تو آپ کی منتقلی کی درخواست قبول کرنے کے **6 مہینوں** کے اندر آپ کو منتقل کر دیا جائے گا۔




اگر یہ درخواست اس وجہ سے کی گئی تھی کہ آپ کے خاندان کا کوئی فرد کسی دوسرے +EU ملک میں رہتا ہے، تو منتقلی کو **ترجیح دی جائے گی**



اگر آپ کو **اس وقت تحویل میں لیا گیا ہے، یا اگر آپ کو آگے چل کر تحویل میں لیا جائے**، تو آپ کے کیس پر **فوری بنیاد پر کام ہوگا**۔ آپ کی منتقلی کا انتظام **5 ہفتوں** کے اندر ہو جانا چاہیے۔ اگر 5 ہفتوں کے اندر یہ منتقلی نہ ہوئی تو آپ کو تحویل سے رہا کر دیا جائے گا۔ تاہم اس صورت میں بھی آپ کی درخواست پر کام کرنے کے ذمہ دار +EU ملک کی طرف سے درخواست قبول کرنے کی تاریخ کے بعد **6 مہینوں** کے اندر آپ کی منتقلی کا انتظام ہوگا۔

اگر آپ کسی جرم کی وجہ سے قید کی سزا کاٹ رہے ہیں تو منتقلی کا دورانیہ **بڑھ کر زیادہ سے زیادہ 1 سال ہو سکتا ہے**۔




**اہم!** اگر آپ بھاگ جائیں، یا منتقلی کا انتظام کرنے والے حکام سے چھپ جائیں یا ان کے ساتھ تعاون نہ کریں، تو **منتقلی کا دورانیہ بڑھا کر زیادہ سے زیادہ 3 سال کیا جا سکتا ہے**۔

## اگر آپ نے پہلے کسی +EU ملک میں بین الاقوامی تحفظ کے لئے اپلائی کیا ہو، تو کیا ہوگا؟

آپ کو صرف ایک ہی +EU ملک میں بین الاقوامی تحفظ کے لئے اپلائی کرنے کی اجازت ہے۔ اگر آپ نے پہلے ہی کسی دوسرے +EU ملک میں بین الاقوامی تحفظ کے لئے اپلائی کیا ہے تو آپ اس +EU ملک واپس بھیج دیا جائے گا، جو آپ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ دار ہے۔

اگر اس بارے میں معلومات موجود ہو کہ آپ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ داری کسی دوسرے +EU ملک کی ہے، تو اس ملک کو ایک اطلاع بھیجی جائے گی۔ اگر وہ +EU ملک اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ وہ آپ کی درخواست پر کام کرے گا، تو آپ کو ایک **منتقلی کا فیصلہ** فراہم کیا جائے گا جس میں بتایا جائے گا کہ آپ کو کونسے +EU ملک منتقل کیا جائے گا۔

اگر آپ پہلی دفعہ بین الاقوامی تحفظ کے لئے اپلائی نہیں کر رہے، یا اگر اس بات کا فیصلہ ہو چکا ہے کہ آپ کے درخواست پر کام کرنے کی ذمہ داری کسی اور +EU ملک کی ہے، تو ہو سکتا ہے کہ حکام آپ کا ذاتی انٹرویو نہ لیں۔

تاہم آپ کو وضاحت کرنے کا موقع دیا جائے گا کہ آپ کو اس ملک منتقل کیوں نہ کیا جائے، یا آپ کو اس ملک میں رہنے کی اجازت کیوں دی جائے۔

آپ کو یہ معلومات فراہم کرنے کے متعلق معلومات یہاں مل سکتی ہے:
آپ یہ معلومات انٹرنیشنل پروٹیکشن پورٹل پر اپنے الیکٹرانک اکاؤنٹ کے ذریعے یا
contact@ipo.gov.ie پر ای میل کے ذریعے فراہم کر سکتے ہیں۔

## فیصلہ لیے جانے کے بعد کیا ہوگا؟

اگر آپ کو کسی دوسرے +EU ملک منتقل کرنے کا فیصلہ ملے تو آپ کے کچھ حقوق منسوخ ہو جائیں گے جیسے کہ:

- آپ کو **کئی سہولیات اور کئی قسم کی معاونتیں نہیں ملیں گی**
- آپ کو **کام کرنے** یا **کورسز لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔**





اس +EU ملک کی طرف سے آپ کی درخواست پر کام کرنے کی تصدیق کرنے، یا کام کرنے کی ذمہ داری قبول کرنے کے 6 مہینوں کے اندر اندر یہ منتقلی ہو جانی چاہیے۔

اگر آپ کو تحویل میں لیا گیا ہے، تو آپ کے کیس پر فوری بنیاد پر کام ہوگا۔ آپ کی منتقلی کا انتظام 5 ہفتوں کے اندر ہو جانا چاہیے۔ اگر 5 ہفتوں کے اندر یہ منتقلی نہ ہوئی تو آپ کو تحویل سے رہا کر دیا جائے گا۔

آپ کی منتقلی اس تاریخ سے 6 ماہ کے اندر اندر مکمل کر دی جائے گی جس دن +EU ملک نے آپ کی درخواست پر غور کرنے یا اسے قبول کرنے کی تصدیق کی تھی۔

اگر آپ کسی جرم کی وجہ سے قید کی سزا کاٹ رہے ہیں تو منتقلی کا دورانیہ بڑھ کر زیادہ سے زیادہ 1 سال ہو سکتا ہے۔

**اہم!** اگر آپ بھاگ جائیں، یا حکام کے ساتھ تعاون نہ کریں، تو **منتقلی کا دورانیہ بڑھا کر زیادہ سے زیادہ 3 سال کیا جا سکتا ہے۔**

## اگر آپ منتقلی کے فیصلے سے متفق نہ ہوں، تو کیا ہوگا؟



اگر یہ فیصلہ کیا جائے کہ کوئی دوسرا +EU ملک آپ کی درخواست پر کام کرنے کا ذمہ دار ہے، تو آپ کو **منتقلی کا فیصلہ** ملے گا۔ اس فیصلے میں آپ کو بتایا جائے گا کہ اپ کو اس ملک منتقل کیا جائے گا۔

اگر آپ منتقلی کے فیصلے سے غیرمتفق ہوں تو آپ عدالت کو اپنی وجوہات بتا سکتے ہیں۔ اسے اپیل جمع کرنا کہتے ہیں۔ جب آپ کسی فیصلے کو اپیل کرتے ہیں تو عدالت یا ٹریبونل حتمی فیصلہ کریں گے۔

منتقلی کے فیصلے کو اپیل کرنے کی صرف تین ہی وجوہات ہوتی ہیں:

- آپ دعوی کرتے ہیں کہ اس مخصوص +EU ملک میں منتقلی آپ کے انسانی حقوق کے خلاف ہے
- نئی معلومات موجود ہیں، جو منتقلی کے فیصلے کے وقت دستیاب نہیں تھیں، اور جن کی وجہ سے وہ فیصلہ متاثر ہو سکتا تھا
- آپ کا خاندان کسی دوسرے +EU ملک میں مقیم ہے، اور آپ کا ان کے ساتھ ملاپ ہونا چاہیے۔



اگر آپ کے پاس اپنا قانونی مشیر کروانے کے لئے رقم نہ ہو، تو آپ کو اپیل کے سلسلے میں مفت مدد فراہم کرنے کے لئے قانونی مشیر فراہم کیا جائے گا۔

آپ کو اس پورے پراسیس میں ایک مترجم کی مدد ملے گی، جو آپ کو سمجھ آنے والی زبان بولتا ہے۔

## جب التوا کا اثر اور ٹھوس بنیادوں پر اپیل علیحدہ ہوں، تو آپ کو اس صورت میں اپیل کے متعلق کیا جاننے کی ضرورت ہے

آپ کو فراہم ہونے والے منتقلی کے فیصلے میں وقت کی میعاد، اور اپیل دائر کرنے کا طریقہ اور مقام، سمجھائے جائیں گے۔

سب سے پہلے آپ سے پوچھا جائے گا کہ آپ کو اپیل کے فیصلے کے دوران اس ملک میں رہنے کی اجازت کیوں دی جانی چاہیے۔ **اسے** ٹھوس بنیادوں کے اثر پر اپیل کہا جاتا ہے۔

عدالت **1 مہینے** کے اندر فیصلہ کرے گی کہ کیا آپ کو آپ کی اپیل کے فیصلے کے دوران اس ملک میں رہنے کی اجازت ملنی چاہیے یا نہیں۔

اگر عدالت فیصلہ کرتی ہے کہ آپ کو اپنے اپیل کے فیصلے تک اس ملک میں رہنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، تو آپ تو آپ کے اپیل کا فیصلہ ہونے تک آپ کی درخواست پر کام کرنے کے ذمہ دار +EU ملک منتقل کیا جائے گا۔

اگر عدالت فیصلہ کرتی ہے کہ آپ کو اپنے اپیل کے فیصلے تک اس ملک میں رہنے کی اجازت ملنی چاہیے، تو وہ آپ سے منتقلی کے فیصلے سے متفق نہ ہونے کی وجوہات طلب کریں گے۔ اس کے بعد عدالت آپ کو التوا کے اثر کی اپیل کے فیصلے کے **1 مہینے** کے اندر فیصلہ سنانے کی کوشش کرے گی۔

اگر آپ کی اپیل قبول نہیں ہوتی، تو آپ کو آپ کی درخواست پر کام کرنے کے ذمہ دار +EU ملک منتقل کیا جائے گا۔ یہ منتقلی عدالت کے حتمی فیصلے سنانے کے 6 مہینوں کے اندر ہو جانی چاہیے۔

اگر آپ کو اس وقت تحویل میں لیا گیا ہے، یا اگر آپ کو آگے چل کر تحویل میں لیا جائے، تو آپ کے کیس پر فوری بنیاد پر کام ہوگا۔ آپ کی منتقلی کا انتظام 5 ہفتوں کے اندر ہو جانا چاہیے۔ اگر 5 ہفتوں کے اندر یہ منتقلی نہ ہوئی تو آپ کو تحویل سے رہا کر دیا جائے گا۔ تاہم اس صورت میں بھی آپ کی درخواست پر کام کرنے کے ذمہ دار +EU ملک کی طرف سے درخواست قبول کرنے کی تاریخ کے بعد 6 مہینوں کے اندر آپ کی منتقلی کا انتظام ہوگا۔

**اہم!** اگر آپ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ داری کسی دوسرے +EU ملک کی ہے، تو آپ کے لئے حکام کے ساتھ تعاون کرنا ضروری ہے۔

## کونسا ذاتی ڈیٹا حاصل کیا جائے گا؟



آپ جس EU+ ملک میں ٹھہرے ہوئے ہیں، وہاں کے افسران مخصوص معلومات حاصل کریں گے، جس میں مندرجہ ذیل شامل ہے:

- آپ کی اور آپ کے ساتھ سفر کرنے والے خاندان کے افراد کی ذاتی تفصیلات (نام، قومیت، تاریخ پیدائش، جائے پیدائش)۔ اگر آپ نے ماضی میں کسی دوسرے نام یا تفصیلات کا استعمال کیا تھا، تو وہ آپ سے اس کے بارے میں پوچھیں گے۔
- آپ کی شناخت اور سفری دستاویزات کے متعلق معلومات۔
- آپ کی شناخت کی تصدیق کے لئے کوئی بھی دیگر معلومات، جیسے کہ آپ کی انگلیوں کے نشانات۔
- کسی دوسرے EU+ ملک میں مقیم خاندان کے افراد کے متعلق تفصیلات، جیسے کہ ان کی ذاتی تفصیلات، آپ کا ان سے آخری بار کب رابطہ ہوا تھا، ان کی لوکیشن، اور ان کی قانونی حیثیت۔
- اگر قابل اطلاق ہو تو ان دستاویزات کے متعلق تفصیلات جن کی بدولت آپ کے لئے کسی EU+ ملک میں رہنا ممکن ہو۔
- ان دستاویزات کے متعلق معلومات جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ نے کسی EU+ ملک میں ایک سال سے زیادہ عرصے تک تعلیم حاصل کی ہے۔
- ان ممالک کے متعلق معلومات جن سے آپ گزر کر اس ملک آئے تھے۔
- آپ کے ذاتی حالات۔
- آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی پچھلی درخواستوں کی تاریخیں اور ان کا نتیجہ۔

## آپ کے ذاتی ڈیٹا کے حوالے سے آپ کو کیا حقوق حاصل ہیں؟

آپ کو حکام کو فراہم کردہ تمام ڈیٹا تک رسائی کا حق حاصل ہے۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کا کوئی بھی ذاتی ڈیٹا غلط ہے یا اس پر قانونی طور پر کارروائی نہیں کی گئی ہے، تو آپ ڈیٹا کنٹرولر سے رابطہ کر کے اپنے ذاتی ڈیٹا تک رسائی کر سکتے ہیں تاکہ آپ غلط ڈیٹا کی درستی یا غیر قانونی طور پر پراسیس ہونے والے ڈیٹا کو حذف کرنے کی درخواست کر سکیں۔

اس ملک کے ڈیٹا کنٹرولر سے رابطہ کرنے کی معلومات درج ذیل ہے۔

An Roinn Dlí agus Cirt,
Gnóthaí Baile agus Imirce
Department of Justice,
Home Affairs and Migration

euaa
EUROPEAN UNION
AGENCY FOR ASYLUM

یہ کتابچہ صرف معلوماتی مقاصد کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ اس سے اپنے آپ میں حقوق یا ذمہ داریاں تخلیق نہیں ہوتیں۔ یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ (EUAA) نے اس مواد کا مرکزی حصہ فراہم کیا ہے، اور EUAA نے صرف EU کی رکن ریاستوں کو اس کی نقل بنانے اور اسے تبدیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ EUAA، یورپی یونین کی رکن ریاستوں یا کسی بھی ذمہ دار تھرڈ پارٹی کی طرف سے اس کتابچے میں شامل کی جانے والی معلومات کے درست ہونے، مشمولات، مکمل ہونے، قانونی طور پر درست ہونے، یا معتبر ہونے کے سلسلے میں کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ نہ تو EUAA اور نہ ہی EUAA کی طرف سے اقدام کرنے والا کوئی شخص اس کتابچے میں موجود معلومات کے کسی بھی استعمال کا ذمہ دار ہے۔

© یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ، 2025